السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمع قرآن سے متعلق جب حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گرفتار کیا گیا تو انہوں نے جوابدیا کہ یہ کام اتنا مشکل ہے۔ کہ اگر مجھ پر پہاڑ ٹوٹ پڑتا تو وہ آسان تھا۔ اس کام سے کہ میں قرآن کو جمع کر دوں۔

اعتراض

اس وقت اکثر صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین حافظ قرآن تھے۔ تو قرآن جمع کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب خود حافظ تھے۔ تو اُن کو جمع قرآن کے لئے کیوں اتنی تکلیف پیش آئی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید کے سارے حافظ نہ تھے۔ بلکہ متفرق مقام یاد رکھتے تھے۔ اور اس لئے جمع کی ضرورت ہوئی۔ اور قراتیں بھی کئی تھیں۔ اس لئے یہ کام کوئی آسان نہ تھا۔

(واہ پیا جانے یا راہ پیا جانے (اخبار اہل حدیث سوہدرہ جلد13 ش 13

ھٰذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد12ص134

محدث فتویٰ